PR NO23

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ،اسلام آباد

Press Release

<u>وفاقی محتسب کا بنکاک میں انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ کے تحت منعقدہ سیمینار سے خطاب</u>

گڈ گورننس، منصفانہ انتظامی امور کی انجام دہی اور قانونی عملداری کی ترویج کے لئے محتسب کے ادارے کے کردار کو اجاگر کیا۔

پاکستان میں محتسب کے ادارے کی جڑیں مضبوط ہورہی ہیں

پاکستان میں محتسب کے اداروں کو حکومت اور عوام کی مکمل پذیرائی حاصل ہے۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ پاکستان کے شہریوں کو سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کررہا ہے اور اس مقصد کے لئے پاکستان میں محتسب کے اداروں کو حکومت اور عوام کا بھرپور تعاون حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کی انتظامی زیادتیوں پر وفاقی محتسب کے اقدامات آئین کی حکمرانی، گڈ گورننس کے قیام اور انسانی حقوق کی پاسداری میں معاون ثابت ہورہے ہیں۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز بنکاک میں انٹرنیشنل امبڈسمین انسٹی ٹیوٹ (آئی او آئی) کے زیر اہتمام ’’گڈ گورننس کے قیام میں ایشین امبڈسمین کے کردار‘‘ کے موضوع پر ایک بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔آئی او آئی امبڈسمن (محتسبین) کی ایک بین الاقوامی تنظیم ہے۔پوری دنیا سے جس کے ارکان کے تعداد 200 سے زیادہ ہے۔وفاقی محتسب نے سیمینار کے شرکاء کو بتایا کہ پاکستان میں وفاقی محتسب کے ادارے نے گزشتہ چالیس برسوں کے دوران بتدریج ترقی کی ہے اور شکایات کو نمٹانے کے نظام کو بہتر بنانے میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔یہی وجہ ہے کہ سال 2022ء میں سب سے زیادہ شکایات موصول ہوئیں جن کے تعداد 164,173 ہے جب کہ ایک لاکھ 57 ہزار 798 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔انہوں نے بتایا کہ رواں سال کے ابتدائی چھ ماہ کے دوران 90,660 شکایات آچکی ہیں جب کہ پہلے سے آنے والی شکایات کو ملا کر 92,387 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔وفاقی محتسب میں آنے والی شکایات کی اس بڑی تعداد سے محتسب کے ادارے پر عوام کے اعتماد کا پتہ چلتا ہے۔وفاقی محتسب نے کہا ہے کہ پاکستان میں محتسب کے اداروں کی جڑیں مضبوط ہو چکی ہیں۔حکومت اور عوام کا انہیں بھرپور تعاون حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ وینس ضوابط (2019ء)، پیرس ضوابط (1993) اور اقوام متحدہ کے ریز ولیشن 77/224 دسمبر 2022ء میں مقرر کردہ معیار پر پورا اترتا ہے۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے صدر بھی ہیں، نے اس موقع پر سیمینار میں شامل اے او اے کے ممبران کی ایک غیر رسمی میٹنگ کی صدارت بھی کی۔انہوں نے اس عزم کو دہرایا کہ اے او اے کے ممبر ممالک آئین کی بالادستی اور گڈ گورننس کے قیام میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون اور روابط کو مزید مضبوط بنائیں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

11 جولائی 2023ء